تعارف و تبصرہ

(۱)

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

نام کتاب : پاکستان قائم رہنے کے لیے بنا ہے

مصنف : میجر (ر) سید حیدر حسن

ضخامت: ۳۸۴ صفحات قیمت: ۸۰۰ روپے

ملنے کا پتہ : کمبائنڈ پبلشرز' الکریم مارکیٹ' اردو بازار لاہور

زیر تبصرہ کتاب کے چھ حصوں میں مصنف کے مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہونے والے مضامین ہیں' جب کہ ساتویں حصے میں غیر مطبوعہ مضامین ہیں۔

مصنف کو پاکستان کے ساتھ والہانہ محبت ہے۔ پاکستان کے گزشتہ اور موجودہ حالات سامنے ہونے کے باوجود وہ پرامید ہے کہ پاکستان ہمیشہ قائم رہے گا۔ مصنف قائداعظم محمد علی جناح کا عقیدت مند ہے اور انہیں پیار سے میرا بابا کہتا ہے۔ وہ قائداعظم کو روحانی شخصیت قرار دیتا ہے۔ وہ دکھی دل کے ساتھ لکھتا ہے کہ جناح صاحب کے بعد پاکستان کو ملک کے لیے خیر خواہ قیادت نصیب نہیں ہوئی۔ اکثر حکمران دولت اکٹھی کر کے ملک سے باہر جمع کرنے میں مشغول رہے اور پاکستان کے مفادات کو سامنے نہ رکھا۔ حکمرانوں کا نام بنام ذکر کر کے ان کی وطن اور اسلام کے ساتھ عدم دلچسپی ظاہر کی ہے۔ وہ پرویز مشرف کو امریکہ کا چوکیدار اور قومی مجرم گردانتا ہے۔ اس کے برعکس عبدالقدیر خان کو محبِ وطن پاکستانی' قوم کا خیر خواہ اور محسنِ پاکستان قرار دیتا ہے۔

مصنف کا تجزیہ ہے کہ اسلام کے نام پر بننے والے پاکستان کو اگر وفادار حکمران ملتے اور یہاں اسلامی نظام نافذ ہوتا تو نہ پاکستان دولخت ہوتا اور نہ ایٹمی طاقت ہونے کے باوجود استعماری طاقتوں کا دست نگر بنتا۔ مصنف کو انتہائی دکھ ہے کہ افغانستان میں اسلامی حکومت قائم ہوئی تو باطل طاقتیں اس کو ختم کرنے کے لیے اکٹھی ہو گئیں اور پاکستان کے حکمرانوں نے ان کے ساتھ مل کر مسلمانوں پر بم برسائے اور اسلامی حکومت ختم کر ڈالی۔ تاہم افغانیوں کے دل سے اسلام کی محبت نہ کھرچ سکے۔ مصنف اس بات سے سخت رنجیدہ ہے کہ حکمرانوں سمیت' سیاست دانوں کا ایک طبقہ پاکستان کے قیام کو غلط تصور کرتا ہے اور اس سراپا جھوٹ کو پھیلا رہا ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر نہیں بنا تھا۔